# نوٹس نیلام عام 02 عدد باؤزر

بذریعہ اشتہار ہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان 02 عدد باؤزر (1 عدد واٹر باؤزر اور 1 عدد سیوریج باؤزر) کا نیلام عام مورخہ 11 فروری 2025 بوقت 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان میں منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات درج ذیل شرائط پر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**شرائط نیلام:**

1. خواہشمند حضرات کو بولی شروع ہونے سے قبل مبلغ -/100،000 روپے کا کال ڈپازٹ / بینک ڈرافٹ ہمراہ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان جمع کروانا ہوگا۔ جو کہ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ باقی سب کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیئے جائیں گے۔
2. کامیاب بولی دہندہ بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کا 4/1 حصہ ایڈوانس موقع پر جمع کروانے کا پابند گا۔
3. گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق اگر کوئی ٹیکس لاگو ہوا تو کامیاب بولی دہندہ دفتر ہٰذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔
4. ایسے افراد جن کے ذمہ کنٹونمنٹ بورڈ کے واجبات ہوں یا دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سے مقدمہ بازی میں ملوث ہو رہے ہوں یا کسی بھی سرکاری ادارے سے بلیک لسٹڈ ہوں۔ بولی میں حصہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔
5. زیر دستخطی / کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر PPRA رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہوگا۔
6. کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان کے درمیان کسی بھی قسم کے تنازعہ کی صورت میں دونوں فریقین کنٹونمنٹس ایکٹ 1924 کی شق نمبر 278 کے تحت ڈائریکٹر ملٹری لینڈز & کنٹونمنٹس پشاور ریجن پشاور سے رجوع کریں گے۔ ان کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا جو کہ دونوں فریقین قبول کرنے کے پابند ہوں گے۔
7. اشتہار ہٰذا کو PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔
8. اگر کسی وجہ سے نیلامی مذکورہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو دوبارہ مورخہ 12 فروری 2025 و سہ بارہ مورخہ 13 فروری 2025 کو ہوگی۔
9. مزید معلومات و شرائط کو جاننے کے لئے کسی بھی دن دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔
10. ٹھیکیدار کے لئے NTN نمبر رکھنا لازمی ہے۔

**المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ۔ ڈیرہ اسماعیل خان کینٹ**